AQF / Shabbir

04-06-2024

08.30 Hrs

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں شبانہ رحمان

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1 لوک سبھا انتخابات کیلئے ووٹوں کی گنتی سخت حفاظتی انتظامات کے تحت شروع ہوگئی ہے۔

2. اڈیشہ اور آندھرا پردیش کے اسمبلی انتخابات کیلئے بھی ووٹوں کی گنتی جاری ہے۔

3. آسام میں سیلاب کی صورتحال بدستور ابتر ہے، کیونکہ 10 ضلعوں میں 6 لاکھ سے زیادہ لوگ سیلاب سے متاثر ہیں۔

4. بھارتی بیڈمنٹن کھلاڑی آج جکارتہ میں انڈونیشین اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں اپنی مہم کا آغاز کریں گے۔

5. اور ICC ٹی-ٹوینٹی عالمی کپ میں جنوبی افریقہ نے سری لنکا کو 6 وکٹ سے ہرادیا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

COUNTING-LS

اٹھارہویں لوک سبھا انتخابات کیلئے ووٹوں کی گنتی سخت حفاظتی انتظامات کے دوران شروع ہوگئی ہے۔ جبکہ آندھرا پردیش اور اڈیشہ میں اسمبلی چناؤ اور 25 مختلف ریاستوں میں اسمبلی حلقوں کیلئے ضمنی چناؤ کیلئے ووٹوں کی گنتی بھی شروع ہوگئی ہے۔ ووٹوں کی گنتی صبح 8 بجے شروع ہوئی ہے۔ ووٹوں کی گنتی کیلئے کی گئی تیاریوں کے بارے میں اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار نے کہا کہ ووٹوں کی گنتی کیلئے ملک بھر میں 10 لاکھ 50 ہزار بوتھ قائم کئے گئے ہیں۔ ہر بوتھ پر 14 ٹیبلز ہیں۔ بوتھ سینٹروں پر نظر رکھنے کیلئے مشاہدین اور باریک بینی سے مشاہدہ کرنے والے لوگ بھی موجود ہیں۔

پیش ہے ایک رپورٹ۔ V-C Anupam Mishra

*ووٹوں کی گنتی کے سبھی سینٹروں میں پوسٹل بیلٹ کی گنتی پہلے شروع ہوگی۔ پوسٹل بیلٹ کی گنتی کے شروع ہونے کے آدھے گھنٹے کے بعد الیکٹرانک ووٹنگ مشینوں میں ریکارڈ کی گئی ووٹوں کی گنتی شروع ہوگی۔ انتخابی عمل کو خوش اسلوبی سے چلانے کیلئے مختلف شہروں میں بہت سے کاؤنٹنگ سینٹروں میں تین سطحی سکیورٹی نظام قائم کیا گیا ہے۔ پارلیمانی حلقوں اور اسمبلی حلقوں کیلئے ریٹرننگ افسر یا اسسٹنٹ*

ریٹرننگ افسر کے ذریعہ داخل کردہ ڈیٹا کے مطابق ووٹوں کی گنتی کے رجحانات اور نتائج الیکشن کمیشن کی ویب سائٹ کے ساتھ ساتھ ووٹر ہیلپ لائن پر دستیاب ہوں گے۔ 543 رکنی لوک سبھا کیلئے ووٹنگ 7 مرحلوں میں کرائی گئی تھی، جو 19 اپریل سے شروع ہوکر یکم جون کو ختم ہوگئی۔ البتہ گجرات میں سورت کی سیٹ پر BJP امیدوار بلامقابلہ منتخب ہوا ہے۔64 کروڑ سے زیادہ ووٹروں نے اس چناؤ میں حصہ لیا، جن میں 31 کروڑ خواتین بھی شامل تھیں۔ ووٹوں کی گنتی کے بعد چناؤ کا عمل ختم ہوجائے گا۔

نئی دلّی سے انوپم مشرا کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے میں ......

وزیراعظم نریندر مودی کی بھارتی جنتاپارٹی BJP لگاتار تیسری مدت کیلئے اقتدار حاصل کرنا چاہتی ہے، جبکہ کانگریس پارٹی کی قیادت میں اپوزیشن اتحاد I.N.D.I.A انہیں اقتدار سے بے دخل کرنا چاہتی ہے۔

آکاشوانی نیوز نے لوک سبھا چناؤ کے ساتھ ساتھ اسمبلی الیکشن کے نتائج کی تازہ ترین جانکاری فراہم کرنے کیلئے وسیع انتظامات کئے ہیں۔ آکاشوانی 15 گھنٹے کے بلارکاوٹ خصوصی ہندی اور انگریزی کے پروگرام صبح 7 بجے سے رات 10 بجے تک نشر کر رہا ہے۔ اس پروگرام کا نام Loknirnay-2024 ہے۔

آکاشوانی نیوز کے نامہ نگاروں کے ایک وسیع نیٹ ورک ملک کے کونے کونے سے براہ راست معلومات فراہم کررہا ہے۔ اس پروگرام کی خصوصیت یہ بھی ہے کہ رجحانات اور نتائج سے متعلق مختلف سیاسی پارٹیوں کے ماہرین کے ساتھ باریک بینی سے مباحثے ہورہے ہیں۔ یہ پروگرام آکاشوانی گولڈ کے ساتھ ساتھ آکاشوانی کے دیگر چینلز اور اس کے ڈیجیٹل پلیٹ فارم پر نشر کئے جارہے ہیں۔ آکاشوانی کے خبروں کے علاقائی یونٹس بھی آج ووٹوں کی گنتی کے خصوصی پروگرام نشر کر رہا ہے۔ نئی دلّی میں میڈیا کے افراد سے بات کرتے ہوئے پرسار بھارتی کے چیئرمین نونیت کمار سہگل نے بتایا کہ چناؤ نتائج سے متعلق معلومات کو مشتہر کرنے کیلئے قومی راجدھانی میں آکاشوانی ہیڈکوارٹر میں ایک بڑا ڈسپلے بورڈ نصب کیا گیا ہے۔ دور درشن نے بھی ووٹوں کی گنتی کیلئے خصوصی انتظامات کئے ہیں۔×

## CORRESPONDANT LIVE

آیئے اب ہم تازہ ترین جانکاری حاصل کرنے کے لیے ملک بھر کے اپنے نامہ نگاروں سے براہِ راست گفتگو کرتے ہیں۔ سب سے پہلے ہم جنوبی ریاستوں کی طرف رخ کرتے ہیں۔ حیدرآباد کی ہماری نامہ نگار لکشمی تلنگانہ سے متعلق تازہ ترین جانکاری فراہم کرنے کے لیے فون پر ہمارے ساتھ بات کر رہی ہیں۔

سوال : لکشمی، بتائیں کہ ریاست میں اس مرتبہ کس پارلیمانی حلقے میں سخت مقابلہ ہونے کا امکان ہے؟

لکشمی: ______________________ شکریہ، لکشمی

اب ہم قومی راجدھانی میں اپنی نامہ نگار Pallavi کا رخ کرتے ہیں، جو چاندنی چوک پارلیمانی حلقے میں موجود ہیں۔

سوال: Pallavi، آپ وہاں چاندنی چوک علاقے میں موجود ہیں، ہمیں ووٹوں کی گنتی کے مرکزوں پر اس وقت کیا ماحول ہے، اس کے بارے میں بتائیں۔

جواب: ________________________ شکریہ Pallavi، اِس تازہ ترین جانکاری کے لیے۔

## CEC-BREFING

اعلیٰ انتخابی کمشنر راجیو کمار نے کہا ہے کہ بھارت میں لوک سبھا چناؤ میں 64 کروڑ 20 لاکھ رائے دہندگان نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا، جو کہ ایک عالمی ریکارڈ ہے۔ نئی دلّی میں میڈیا کے افراد سے بات کرتے ہوئے جناب کمار نے کہا کہ یہ جی-7 کے سبھی ممالک یعنی امریکہ، برطانیہ، فرانس، جرمنی، اٹلی، جاپان اور کنیڈا کے ووٹروں کی تعداد سے ڈیڑھ گنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ لوک سبھا چناؤ میں 31 کروڑ 20 لاکھ خواتین ووٹروں نے اپنے حق رائے دہی کا استعمال کیا، جو دنیا میں اب تک سب سے زیادہ ہے۔ جموں وکشمیر میں اسمبلی چناؤ کرائے جانے سے متعلق ایک سوال کے جواب میں جناب کمار نے کہا کہ کمیشن جموں وکشمیر میں جلد ہی چناؤ کا عمل شروع کرے گا۔x

## BJP-BRIEFING

BJP نے کہا ہے کہ اپوزیشن کانگریس اور .I.N.D.I.A اتحاد کو جمہوریت کے وقار کو مجروح کرنے کے بجائے لوک سبھا انتخابات میں اپنی ناگزیر شکست کو خوش دلی کے ساتھ قبول کرنے کے لیے تیار رہنا چاہیے۔ کل شام نئی دلی میں صحافیوں کو جانکاری فراہم کرتے ہوئے پارٹی کے ترجمان سدھانشو ترویدی نے کہا کہ ایک طرف ملک نے نئی ٹیکنالوجی کے ساتھ کرائے گئے دنیا کے سب سے بڑے، منظم اور کامیاب انتخابات کا مشاہدہ کیا، جبکہ دوسری طرف عوام نے دیکھا کہ اپوزیشن کس طرح دن بہ دن پستی کی طرف جا رہی ہے۔ انھوں نے ملک کے انتخابی عمل پر بے بنیاد سوالات اٹھانے پر کانگریس اور دیگر اپوزیشن پارٹیوں کو تنقید کا نشانہ بنایا۔x

## MAHARASHTRA COUNTING

مہاراشٹر میں 39 مقامات پر ووٹوں کی گنتی کے لیے 14ہزار سے زیادہ اہلکاروں کو تعینات کیا گیا ہے۔ ریاست میں پانچ مرحلوں میں ہونے والے انتخابات میں 61 اعشاریہ تین۔تین فیصد رائے دہندگان نے اپنی حقِ رائے دہی کا استعمال کیا۔ پانچ کروڑ 70 لاکھ سے زیادہ ووٹروں نے ووٹ ڈالے۔ مہاراشٹر میں Gadchiroli-Chimur پارلیمانی حلقے میں سب سے زیادہ 71 اعشاریہ آٹھ۔آٹھ فیصد پولنگ، جبکہ جنوبی ممبئی پارلیمانی حلقے میں سب سے کم 50 اعشاریہ صفر۔چھ فیصد پولنگ

ریکارڈ کی گئی تھی۔ ریاست میں، 2019 میں BJP نے 23 سیٹیں جیتی تھیں، جبکہ اُس کے اتحادی غیر منقسم شیو سینا نے 18 سیٹوں پر کامیابی حاصل کی تھی۔ اسی طرح غیر منقسم نیشنلسٹ کانگریس پارٹی نے چار سیٹوں پر جیت درج کی تھی، جبکہ کانگریس پارٹی صرف ایک سیٹ جیت سکی تھی۔ شیو سینا پارٹی میں ایکناتھ شندے اور NCP میں اجیت پوار کی بغاوت کے بعد 2024 میں ریاست کا سیاسی منظر نامہ بالکل مختلف ہے۔x

**JHARKHAND COUNTING**

جھارکھنڈ میں ووٹوں کی گنتی کیلئے ریاست بھر میں 14 سینٹرس قائم کئے گئے ہیں۔ اعلیٰ انتخابی افسر کے روی کمار نے آکاشوانی نیوز کو بتایا کہ ریاست میں 14 پارلیمانی حلقوں کیلئے ووٹوں کی گنتی 16 سے 27 راؤنڈ میں کی جائے گی۔ جناب کمار نے بتایا کہ صبح ساڑھے نو بجے تک پہلے رجحانات کے آنے کا امکان ہے۔ ووٹوں کی گنتی سی سی ٹی وی کیمرے کی موجودگی میں کی جاری ہے۔

مشاہدین ووٹوں کی گنتی کے پورے عمل کی نگرانی کررہے ہیں۔ اعلیٰ انتخابی افسر کے روی کمار نے بتایا کہ 14 پارلیمانی حلقوں میں ووٹوں کی گنتی شام چار بجے تک مکمل کرلئے جانے کا امکان ہے۔ افسر نے یہ بھی بتایا کہ اس بار زیادہ پوسٹل بیلٹس ہیں۔ ووٹوں کی پُرامن گنتی کو یقینی بنانے کیلئے کاؤنٹر سینٹروں کے اطراف سکیورٹی کے سخت انتظامات کئے گئے ہیں۔x

**AKASHVANI COUNTING DAY**

آکاشوانی نیوز نے آج لوک سبھا انتخابات کے ساتھ ساتھ اسمبلی چناؤ کے نتائج کی بروقت دستیابی کے وسیع انتظامات کئے ہیں۔ Lok Nirnay-2024 کے نام سے انتخابات کے نتائج سے متعلق 15 گھنٹے پر مشتمل ایک پروگرام صبح 7 بجے سے رات 10 بجے تک نشر کیا جا رہا ہے۔

آکاشوانی نیوز کے نامہ نگاروں کا ایک بڑا نیٹ ورک ملک کے کونے کونے سے چناؤ کے نتائج کے تازہ ترین اعداد وشمار آپ تک پہنچائیں گے۔ اس پروگرام میں مختلف سیاسی پارٹیوں سے متعلق ماہرین اور رہنماؤں کے ساتھ رجحانات اور نتائج کے سلسلے میں کارآمد بحث ومباحثے ہوں گے۔ یہ پروگرام آکاشوانی گولڈ کے ساتھ ساتھ آکاشوانی کے دیگر چینلوں اور ڈیجیٹل پلیٹ فارمز پر بھی نشر کیا جا رہا ہے۔x

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**ASSAM FLOOD**

آسام میں سیلاب کی صورتحال مسلسل خراب ہے، کیونکہ طغیانی کے شکار 10 اضلاع میں 6 لاکھ سے زیادہ لوگ اس سے متاثر ہیں۔ ریاستی حکومت نے ان اضلاع میں 191 امدادی کیمپ اور 108 امداد تقسیم کرنے والے مراکز کھولے ہیں۔ امدادی اور بچاؤ کارروائیوں کیلئے NDRF اور SDRF ٹیموں کو بھی تعینات کیا گیا ہے۔

حکومت کے ذرائع کے مطابق کچھار ضلع میں 4 افراد کی جانیں تلف ہوئی ہیں، جبکہ 4 لاپتہ بتائے جاتے ہیں۔ اس کے ساتھ ہی سیلاب سے مرنے والوں کی تعداد 18 ہوگئی ہے۔ 577 گاؤں سیلاب سے متاثر ہیں اور ریاست بھر کے 6 ہزار ہیکٹیئر سے زیادہ فصلوں کے علاقے کو نقصان پہنچا ہے۔ New Half Long / Chandranathpur سیکشن کے درمیان ریل پٹری کو نقصان پہنچنے کے تناظر میں نارتھ ایسٹ فرنٹیئر ریلوے کو منسوخ کردیا گیا ہے اور اس روٹ پر چلنے والی مختلف ٹرینوں کو پانچ جون تک جزوی طور پر منسوخ کردیا گیا ہے۔×

**RUPEE WITHDRAWAL**

ریزرو بینک آف انڈیا RBI نے مطلع کیا ہے کہ دو ہزار روپے کے کرنسی نوٹوں کو ختم کرنے کے RBI کے اعلان کے تقریباً ایک سال کے بعد 19 مئی 2024 کو کاروبار کے بند ہونے پر سرکولیشن میں دو ہزار روپے کے بینک نوٹوں کی کُل قدر گھٹ کر 7 ہزار 755 کروڑ روپے رہ گئی ہے۔

RBI نے ایک بیان میں کہا ہے کہ تین اعشاریہ پانچ چھ کروڑ روپے مالیت کے کرنسی کے نوٹ میں سے، جو مئی 2023 میں سرکولیشن میں تھے، 97 اعشاریہ آٹھ دو فیصد اس نظام سے ختم کردیئے گئے ہیں۔ RBI نے مزید اعلان کیا ہے کہ دو ہزار روپے کے بینک نوٹ کے تبادلے یا جمع کرنے کیلئے بینک کی Window، RBI کے 19 ایشو آفسز میں دستیاب رہے گی۔×

**TELANGANA MONSOON**

جنوب مغربی مانسون کُل تلنگانہ کے بیشتر حصوں میں پہنچ گیا ہے۔ اس کی وجہ سے جھلسا دینے والی گرمی سے لوگوں کو راحت ملی ہے۔ بھارت کے محکمہ موسمیات نے مغربی مانسون کے تلنگانہ، کرناٹک اور آندھراپردیش کے حصوں میں پہنچنے کی تصدیق کی ہے۔ موسمیات سے متعلق حکام نے یہ بھی بتایا ہے کہ جنوب مغربی مانسون کے ریاست کے مزید حصوں میں پیشقدمی کرنے کیلئے حالات ساز گار ہیں۔

مانسون کے آئندہ تین چار دن میں پوری ریاست میں پہنچنے کا امکان ہے۔ موسمیات سے متعلق حکام نے تلنگانہ میں جمعہ تک شدید بارش اور آج سے ایک ہفتے تک ہلکی سے اوسط بارش کی بھی پیشگوئی کی ہے۔×

**VP IAS OFFICER**

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ نے زور دے کر کہا ہے کہ سول سروینٹس کو ہمیشہ متعصّبانہ سوچ سے بالاتر ہوکر کام کرنا چاہیے۔ کل نئی دلی میں IAS 2022 بیچ کے اسسٹنٹ سکریٹریز سے خطاب کرتے ہوئے جناب دھنکھڑ نے اجاگر کیا کہ سول سروینٹس سیاسی معاملات سے ہم آہنگ نہیں ہو سکتے۔ بہترین کام انجام دینے کے لیے بھارت کی افسر شاہی کی اہلیت اور قابلیت کا اعتراف کرتے ہوئے نائب صدر جمہوریہ نے وہاں موجود افسران پر زور دیا کہ وہ قوم پرستی کے جذبے اور وفاقی نقطۂ نظر کو اپنائیں، ملک کے مفاد کو ہمیشہ مقدم رکھیں اور قانون کی بالادستی کو برقرار رکھیں۔

جناب دھنکھڑ نے سول سروینٹس پر زور دیا کہ وہ اعلیٰ ترین اخلاقی اصولوں کو برقرار رکھیں۔ انھوں نے کہا کہ وہ تبدیلی کے محرک، معیاری گورننس میں اہم شراکت دار اور تیز رفتار ترقی کے لیے مشعلِ راہ ہیں۔

**COAL PRODUCTION**

ملک میں کوئلے کی پیداوار پچھلے مہینے تقریباً 84 ملین ٹن تک پہنچ گئی، جو کہ گذشتہ برس کی اسی مدت کے مقابلے 10 فیصد سے زیادہ کی شرح نمو کو ظاہر کرتی ہے۔ کوئلے کی وزارت نے کہا کہ اِس مدت کے دوران کول انڈیا لمیٹڈ نے 64 ملین ٹن سے زیادہ کوئلے کی پیداوار کی ہے، جو پچھلے سال کی اسی مدت کے مقابلے سات اعشاریہ چار چھ فیصد سے زیادہ کی شرح ترقی کی نشاندہی کرتی ہے۔ تب یہ تقریباً 60 ملین ٹن تھی۔ x

**CLIMATE CONFERENCE**

اقوام متحدہ میں آب و ہوا کی تبدیلی کے سربراہ Simon Stiell نے خبردار کیا ہے کہ دنیا دو اعشاریہ سات ڈگری سیلسیس حرارت کی طرف بڑھ رہی ہے اور اسے ایک اعشاریہ پانچ ڈگری سیلسیس تک رکھنے کا راستہ انتہائی مشکل ہے۔ وہ جرمنی میں آب و ہوا کی تبدیلی سے متعلق Bonn کانفرنس سے خطاب کر رہے تھے۔ x

**MEXICO ELECTION**

میکسکو میں Claudia Sheinbaum ایک زبردست تاریخی جیت میں ملک کی پہلی خاتون صدر منتخب ہوئی ہیں۔ نیشنل الیکٹورل انسٹی ٹیوٹ نے حکمراں Morena پارٹی کی امیدوار Claudia Sheinbaum کو صدارتی چناؤ کا فاتح قرار دیا ہے۔ اُس نے کہا ہے کہ ابتدائی نتائج میں میکسکو سٹی کی 61 سالہ سابق میئر کو چناؤ میں 58 سے 60 فیصد ووٹ حاصل ہوئے ہیں اور انہیں فاتح قرار دیا گیا ہے۔

انہوں نے اپنی سب سے قریبی حریف Xochitl Galvez کو شکست دی۔ محترمہ Sheinbaum توانائی کی سابق

سائنسداں ہیں، جو سبکدوش ہونے والے صدر **Andres Manuel Lopez Obrador** کی جانشین ہوں گی۔×

## INDONESIAN OPEN BADMINTON

انڈونیشین اوپن بیڈمنٹن میں بھارت کے نامور بیڈمنٹن کھلاڑی آج انڈونیشیا کی راجدھانی جکارتہ میں اپنی مہم کا آغاز کریں گے۔ لکشیہ سین، ایچ ایس **Prannoy**، کدامبی سری کانت، **Priyanshu Rajawat** اور کرن **George** آج مردوں کے سنگلز میں اپنی کارکردگی کا مظاہرہ کریں گے۔ مکسڈ ڈبلز میں **N. Sikki** ریڈی اور **B Sumeet Reddy** کی جوڑی اور خواتین کے ڈبلز میں **Treesa Jolly** اور گائتری گوپی چند کی جوڑی بھی آج اپنے حریف کے خلاف کھیلیں گی۔

اسی دوران کل **Tanisha Crasto** اور اشونی **Ponnappa** کی جوڑی اور **Swetaparna Panda** اور **Rituparna Panda** کی جوڑی خواتین کے ڈبلز میں حصہ لیں گی۔ بھارتی اسٹار کھلاڑی پی وی سندھو اور ان کی ساتھی کھلاڑی آکرشی کشیپ خواتین کے سنگلز میں ساتھ ہی ساتھ اعلیٰ درجے کے کھلاڑی چراغ شیٹی اور ستوِک سائی راج رِنکی ریڈی بھی کل مردوں کے ڈبلز میں ہونے والے مقابلے میں حصہ لیں گے۔×

## T-20 WORLD CUP CRICKET

**ICC** ٹی ٹوئینٹی عالمی کپ میں جنوبی افریقہ نے سری لنکا کو چھ وکٹ سے ہرا دیا۔ یہ میچ نیویارک کے **Nassau** کاؤنٹی انٹرنیشنل اسٹیڈیم میں کھیلا گیا۔ پہلے بلے بازی کرتے ہوئے سری لنکا کی پوری ٹیم **19** اوورس اور ایک گیند میں **77** رن بناکر آؤٹ ہوگئی۔

سری لنکا کی طرف سے **Kausal Mendis** نے سب سے زیادہ **30** گیندوں میں **19** رن بنائے۔ جنوبی افریقہ نے **78** رن کے نشانے کو محض **16** اوورس اور دو گیندوں میں چار وکٹ پر **80** رن بناکر حاصل کرلیا۔ **Anrich Mortje** کو ان کی بہترین کارکردگی کی وجہ سے میچ کا اہم کھلاڑی قرار دیا گیا۔ انھوں نے چار اوورس میں سات رن دے کر چار وکٹ لیے جب کہ کیشو مہاراج اور **Kagiso** رباڈا نے بالترتیب دو۔دو وکٹ لیے۔

## FRENCH OPEN TENNIS

ٹینس میں بھارت کے **Rohan Bopanna** اور ان کے آسٹریلیائی ساتھی کھلاڑی **Mattew Ebden** فرینچ اوپن ٹینس میں کل شام کھیلے گئے میچ میں مردوں کے ڈبلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئے ہیں۔ دوسرے **Seeded** کی بھارتی اور آسٹریلیائی جوڑی نے ایک دوسرے میچ میں بھارت کے **N.Sriram Balaji** میکسیکو کے **Miguel Angel Keyesvarela** کو سپر ٹائی بریکر میں چھ۔سات، چھ۔تین، اور سات۔چھ سے شکست دی۔

اب کوارٹر فائنل میں بوپنا اور Ebden کا سامنا دسویں Seed کے کھلاڑی Sander Gille اور بیلجیئم کے Joran Vliegen سے ہوگا۔x

## WOMEN FOOTBALL

فٹبال میں بھارت کی سینئر خواتین ٹیم کا کل دوسرا دوستانہ میچ میں میزبان اُزبیکستان سے مقابلہ ہوگا۔ یہ میچ تاشقند میں Bunyodkor اسٹیڈیم میں بھارتی وقت کے مطابق شام ساڑھے پانچ بجے شروع ہوگا۔ پہلے دوستانہ میچ میں بھارت کی خواتین ٹیم اُزبیکستان سے تین-صفر سے ہار گئی تھی۔ پہلے ہاف میں کوئی گول نہیں ہوا تھا، دوسرے ہاف میں اُزبیکستان کے Khabibulaeva Deora نے تین گول کر کے میزبان کو بھارت کے خلاف آسانی سے جیت دلائی تھی۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

## PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... اسداللہ

شکریہ - شبانہ رحمان

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے لوک سبھا انتخابات کے ووٹوں کی گنتی آج ہونے سے متعلق خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا نے اعلیٰ انتخابی افسر راجیو کمار کے اس بیان کو سرخی بنایا ہے کہ ووٹ شماری اور دیگر انتخابی عمل کے لیے مضبوط نظام، سب سے پہلے پوسٹل بیلٹ اور اس کے بعد Evm سے ڈالے گئے ووٹوں کی گنتی ہوگی۔ روزنامہ ملاپ نے وزیرِاعظم نریندر مودی کے اس بیان کو پہلے صفحے پر پیش کیا ہے کہ ہمیں نئے خواب دیکھنے اور انھیں حقیقت میں بدلنے کی ضرورت ہے۔

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ کی سرکاری ملازمین سے پارٹیوں سے بالاتر رہنے کی اپیل کو سرخی بناتے ہوئے ان کے اس بیان کو پیش کیا ہے کہ انھیں قوم پرست اور وفاقی نقطۂ نظر اپنانا چاہیے۔ روزنامہ ملاپ کی ایک سرخی ہے کہ سالانہ امرناتھ یاترا کے لیے سیکیورٹی انتظامات سخت اخبار لکھتا ہے کہ یاترا کو محفوظ پُرامن اور پُراعتماد ماحول میں انجام دینے کے لیے مرکزی سیکیورٹی فورسیز کی 450 سے 500 اضافی کمپنیاں تعینات کی جائیں گی۔

روزنامہ انقلاب، ہندوستان ایکسپریس، ملاپ سمیت سبھی اخباروں نے کل مدھیہ پردیش کے راج گڑھ میں خوفناک حادثہ ہونے سے 13 افراد کی ہلاکت کی خبر کو پہلے صفحے کی خبر بنایا ہے۔ امول دودھ کے بعد مدر ڈیری نے بھی دودھ کی قیمت میں 2 روپے فی لیٹر کا اضافہ کیا۔ یہ خبر سبھی اخباروں میں نمایاں ہے۔x

## آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1. لوک سبھا انتخابات کیلیئے ووٹوں کی گنتی سخت حفاظتی انتظامات کے تحت شروع ہوگئی ہے۔
2. اڈیشہ اور آندھرا پردیش کے اسمبلی انتخابات کیلیئے بھی ووٹوں کی گنتی جاری ہے۔
3. آسام میں سیلاب کی صورتحال بدستور ابتر ہے، کیونکہ 10 ضلعوں میں 6 لاکھ سے زیادہ لوگ سیلاب سے متاثر ہیں۔
4. بھارتی بیڈمنٹن کھلاڑی آج جکارتہ میں انڈونیشین اوپن بیڈمنٹن ٹورنامنٹ میں اپنی مہم کا آغاز کریں گے۔
6. اور ICC ٹی-ٹوینٹی عالمی کپ میں جنوبی افریقہ نے سری لنکا کو 6 وکٹ سے ہرادیا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔

-------------------------------------